## سوال

(1207) کیسٹوں پر شیوخ کی تصاویر شائع کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک کمپنی نے جو کیسٹوں وغیرہ سے متعلق ہے انہوں نے کچھ کیسٹوں پر آپ کی، شیخ محمد حسین یعقوب، شیخ نشات اور شیخ وجدی غنیم کی تصاویر شائع کی ہیں، تو کیا یہ شرعا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ چیز شرعا جائز نہیں ہے۔ اگر یہ کمپنیاں اپنے ان اعمال سے باز نہ آئیں تو میں آئندہ ان کے لیے کوئی چیز بھی کیسٹ نہیں کراؤں گا۔ انہیں چاہیئے تھا کہ پہلے مجھ سے بات کر لیتے، بالخصوص جبکہ اس بارے میں میرا مذہب معروف ہے۔ میں ویڈیو کے علاوہ تصویر کو (جائز نہیں سمجھتا) اور یہ جوان لوگوں نے کیسٹوں پر شائع کی ہے، میں اس کی اجازت نہیں دیتا ہوں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 854**

**محدث فتویٰ**